07/06/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

LGپد یاترا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے زمینی سطح پر منشیات کے خلاف اٹھ رہی آواز کو تقویت بخشنے نیز نار کو ٹیرر ازم کا خاتمہ کرنے کے عزم کو دُہرایا ہے ۔

آج کشتواڑ میں منشیات مخالف پد یاتر اکو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے سے پہلے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت 56دنوںکے دوران 19ضلعوں مینپد یاتراؤں اور بیداری پروگراموں کا انعقا د کیا گیا جن میں لوگوں نے بڑھ چڑھ کر شرکت کرکے اس ناسور کے خلاف اپنی آواز بلند کی ۔

------Byte-------

LGکشتواڑ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرکوٹ کشتواڑ میں شری گوری شنکر مندر میں حاضری دی۔انہوںنے وہاں جمونو کشمیر میں امن و امان اور لوگوں کی خوشحالی اور ترقی کےلئے دعا کی۔

انہوںنے لوگوں کے مسائل سنے اور کئی ایک مسائل کو حل کرنے کی موقعے پر ہی ہدایات دیں۔ اس موقعے پر اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، کشواڑ کی اسمبلی ممبر Shagun پریہار اور کئی دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

------LG-------

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے ضروری خدمات سے لیس 3ٹرکوں کو جموں ، ادھمپور اور ڈوڈہ اضلاع کی عوام کےلئے وقف کیا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکار نے اس پہل کےلئے ایک کروڑ5لاکھ روپے خر چ کئے ہیں۔

انہوںنے کہا کہ یہ جدید نوعیت کے ٹرک دوردراز اور دشوار گذار علاقوں میں عوامی خدمات کی بر وقت فراہمی اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق ضروریات کو پورا کرنے میں مدد گار ثابت ہو نگے۔

سکینہ ایتو

صحت تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے ضلع کولگام کے ملون علاقے میں مشن یوا کے تحت ایک میگا جاب فیئر کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر نوجوانوں کو روزگار اور خود روزگاری کے مواقعے سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی جبکہ مستحقین میں تقرری کے اسناد بھی تقسیم کئے گئے۔

بعد میں وزیر موصوفہ نے گورنمنٹ پرائمری سکول شو گنڈ میں اضافی کلاس روم کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا جبکہ ڈانگر پورہ ملون میں انہوںنے طلباءکےلئے ابتدائی تعلیم سے متعلق ECCE کِٹس تقسیم کئے۔

محرم انتظامات

محرم الحرام کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لینے کےلئے ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گر گ کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ منعقدہوئی۔ میٹنگ میں عزاداروں کےلئے فراہم کی جا رہی بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

ڈویژنل کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ محرم کے پیش نظرتمام ضروری انتظامات بر وقت مکمل کیا جائے تاکہ مذہبی اجتماعات اور عزاداری کے جلوس پُر امن اور احسن طریقے سے منعقد ہو سکیں۔

اعجاز بشیر

ڈائریکٹوریٹ آف کالجز نے جموںو کشمیر کے ڈگری کالجوں میں انڈر گریجویٹ اور انٹگریٹڈ پی جی پروگراموں میں پہلے راوئنڈ کی الاٹمنٹ لسٹ کے تحت آن لائن فیس داخل کرنے کی آخری تاریخ 8جون شام5بجے تک بڑھا دی ہے۔

ڈائریکٹر کالجز جموںو کشمیر پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے فیس جمع کرنے والے اُمید واروں سے کہا ہے کہ وہ دستاویزات کی ویرفکیشن کےلئے اپنے الاٹ کئے گئے کالجوں میں8جون سے10جون تک رپورٹ کریں۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوںنے کہا ۔

--Prof.Sheikh Aijaz--

ٹریفکSSP

محکمہ ٹریفک پولیس ٹو ویلرس چلانے والوں کی طرف سے ہو رہی خلاف ورزی کو روکنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ۔ SSP ٹریفک اعجاز احمد بٹ نے کہا ہے کہ دو ہی سواریاں ٹو ویلر پر سفر کر سکتے ہیں جن کیلئے ہیلمٹ پہننا لازمی ہے ۔آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔

...........SSP...........

نشہ مہم

نشہ مکت جمونو کشمیر مہم کے تحت جمونو کشمیر پولیس کی کارروائیاں جا ری ہیں۔ پولیس نے اننت ناگ کے بجبہاڑہ اور بڈگام چاڈورہ علاقوں میں قریب ایک درجن مقامات پر چھاپے مارے ۔ یہ کارروائی چرس کی ایک بڑی کھیپ ضبط کئے جانے کے بعد انجام دی گئی ۔

اُدھر بارہمولہ کے روہامہ رفیع آباد علاقے میں مال اور ایکسائز محکموں کی ٹیموں کے ساتھ ایک مشترکہ کارروائی میں پولیس نے ایک وسیع علاقے میں اُگائی گئی بھنگ کو تباہ کر دیا۔

عدالت

جموں وکشمیر جوڈیشل اکیڈیمی کے اہتمام سے کل سرینگر میں نئے منتخب شدہ سیول ججوں کےلئے ایک تربیتی پروگرام کا آغاز ہوا۔

تربیتی پروگرام کا افتتاح سپریم کورٹ آف انڈیا کے جج جسٹس ارون پلی نے کیا جبکہ جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس ، جسٹس سنجیو کمار کے علاوہ کئی دیگر جج صاحبان اور عدلیہ سے جڑی دیگر اہم شخصیات بھی اس موقعے پر موجود تھیں۔

غدیر

سالانہ جشن غدیر کی مناسبت سے اندر کلچرل فورم نے پروفیسر محمد زمان آزوردہ کی صدارت میں سمبل کے نجی سکول میں ادبی تقریب کا انعقاد کیا۔

تقریب کے دوران مقررین نے غدیر خُم پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور خلیفہ چہارم حضرت علی ؑ کی شجاعت اور پاک سیرت بیان کی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23 اعشاریہ 8 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا.

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا .

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا .

خدا حافظ

……………………………………………

………………………………

…………………

…….

..